Stylecraft

اس کروشےآلونگ کو سٹائل کرافٹ سپانسر کر رہا ہے ۔

# کا سمک کروشےآلونگ حصہ پنجم




ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن ۔کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ ۔تمام جملہ حقوق محفوظ

| | |
|---|---|
| St,Sts | (سٹیچ ۔سٹیچیز ) ٹانکا۔ٹانکے |
| R | (راونڈ )چکر یا پھیر |
| Ch | (چین) زنجیر ٹانکا |
| Sl- st | (سلپ سٹیچ ) گم ٹانکا |
| Yo | (یارن اور) بل ڈالیں |
| Sc | (سنگل کروشے )سادہ ٹانکا |
| Hdc | (ہاف ڈبل کروشے )آدھا بڑا ٹانکا |
| Dc | (ڈبل کروشے )بڑا ٹانکا |
| Tr | (ٹریبل کروشے )دو بل ٹانکا |
| Dtr | (ڈبل ٹریبل کروشے )تین بل ٹانکا |
| Bl | (بیک لوپ) اوپری زنجیر کا پچھلا حصہ |
| Fl | (فرنٹ لوپ) اوپری زنجیر کا اگلا حصہ |
| Bp | (بیک پوسٹ )ٹانکے کے گرد پچھلی طرف سے |
| Fp | (فرنٹ پوسٹ )ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے |

نمونہ میں امریکی انگریزی زبان استعمال ہوئ ہے

اشارےآپ کی مدد اور راہنمائ کے لئے ہیں خصوصا نئے بنانے والوں کو ان سے مدد ملے گی ۔

تصاویر کو نبمر سے ظاہر کیا گیا ہے ۔

**دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو بتائ گئ تعداد میں دہرائیں ۔یہ مکمل طرف یا سائیڈ کی ہدایات ہوتی ہیں ۔

اور اس میں کئی طرح ک ہدایات شامل ہوتی ہیں ۔

()بریکٹ کے اندر کی ہدایات کو بتائ گئ تعداد میں دہرائیں ۔یہ کم جگہ پر کی جانے والی ہدایات ہوتی ہیں ۔

ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن     کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ     تمام جملہ حقوق محفوظ

خصوصی ٹانکے ۔

**(پیکوٹ ٹریبل )دانہ دو بل ٹانکا** Picot- tr

دو بل ٹانکا بنائیں ۔تین زنجیر ٹانکے بنا کہ ہک کو ٹانکے کے اگلے پھندے اور سائیڈ کے پھندے سے گزاریں ۔ہک پر تیں پھندے ہوں گے ۔بل ڈال کر تینوں پھندوں سےاون کھینچتے ہوئے گم ٹانکا بنا کر ٹانکا مکمل کر لیں ۔

**بیک لوپ ٹریبل تھری )** اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں دو بل ٹانکوں کا جھنڈ بناناBltr3tog **(ٹوگیدر**

دو بل ڈالیں ۔جس ٹانکے میں کام کرنا ہے اس کے پچھلے اور تیسرے پھندے سے ہک گزاریں ۔ہک پر تیں پھندے ہوں گے ۔بل ڈال کر تینوں پھندوں سے اون کھینچتے ہوئے گم ٹانکا بنائیں ۔

**اکسٹھواں چکر۔**

کسی بھی لمبی طرف کے آخری ٹانکے میں کھڑا بڑا ٹانکا بنائیں ۔ تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔

چھوٹی طرف۔

(دو بڑے ٹانکے  دو زنجیر ٹانکے  دو بڑے ٹانکے )اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک

*دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں

بڑا ٹانکا بنائیں ۔

( اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ( چکر نمبر انسٹھ کے چھوڑے ہوئے ٹانکے میں بنائیں (جھالر ٹانکے کے پیچھے ہوگا)

(دو بل ٹانکا  .دانہ دو بل ٹانکا  .دو بل ٹانکا)تصویر نمبر دو تین اور چار دیکھیں ۔اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں )

سات بار دہرائیں ۔اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں (دوسرا سادہ ٹانکا ہوگا )اگلے سترہ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں )

تین بار دہرائیں ۔

اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔( اگلے ٹانکے میں بنائیں (جھالر ٹانکے کے پیچھے ہوگا )

( دو بل ٹانکا ۔ دانہ دو بل ٹانکا ۔ دو بل ٹانکا ) اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں )سات بار دہرائیں ۔اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔

(دوسرا سادہ ٹانکا ہوگا )اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔

لمبی طرف ۔

دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (دو بڑے ٹانکے  دو زنجیر ٹانکے  دو بڑے ٹانکے )اگلے دس ٹانکوں میں ایک ایک

بڑا ٹانکا بنائیں ۔

( اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں  ( اگلے ٹانکے میں بنائیں (جھالر ٹانکے کے پیچھے ہوگا )

دو بل ٹانکا  دانہ دو بل ٹانکا  دو بل ) اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں )سات بار دہرائیں ۔اگلے ٹانکے کو خالی چھوڑ دیں ۔ (ٹانکا

( دوسرا سادہ ٹانکا ہوگا ) اگلے چودہ ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔ )چار بار دہرائیں ۔

اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔( اگلے ٹانکے میں بنائیں (جھالر ٹانکے کے پیچھے ہوگا )

( دو بل ٹانکا   دانہ دو بل ٹانکا   دو بل ٹانکا )اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں )سات بار دہرائیں۔ اگلا ٹانکا

خالی چھوڑ (دوسرا سادہ ٹانکا ہوگا ) اگلے دس ٹانکوں میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں *تصویر نمبر پانچ اور چھ دیکھیں دیں

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔آخری دہرائ میں آخری بڑا ٹانکا چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے سے پہلے ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں ۔


ٹانکے شمار کریں ۔چھوٹی طرف ۔اناسی بڑے ٹانکے ۔ چار سورج چودہ دو بل ٹانکوں اور سات دانہ دو بل ٹانکوں کے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ ۔

بڑے ٹانکے ۔پانچ سورج

لمبی طرف۔ 80ججدو بل ٹانکوں اور سات دانہ دو بل ٹانکوں کے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ

ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن     کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ     تمام جملہ حقوق محفوظ

اشارہ۔اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے والے تمام ٹانکوں کو زنجیر کے پچھلے حصہ اور ٹانکے کے تیسرے پھندے میں بنائیں ۔اس طرح ٹانکا مظبوط رہے گا ۔




**باسٹھواں چکر۔**

تین زنجیر ٹانکے بنائیں (ا یک بڑا ٹانکا شمار ہوگا )اگلے دو ٹانکوں میں اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔

چھوٹی طرف۔

* دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں ( دو آدھے بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے دو آدھے بڑے ٹانکے )اگلے بارہ ٹانکوں میں اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر دو دیکھیں ۔

( اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں (اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں تین دو بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ تصویر نمبر تین دیکھیں ۔تین زنجیر ٹانکے بنائیں )چھ بار دہرائیں ۔

اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں تین دو بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔

اگلے تیرہ ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں )تین بار دہرائیں ۔

اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں (اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں تین دو بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔
.(

تین زنجیر ٹانکے )چھ بار دہرائیں ۔اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں تین دو بل ٹانکوں کا جھنڈ
بنائیں

بنائیں ۔ اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے بارہ ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔

لمبی طرف ۔

دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (دو آدھے بڑے ٹانکے دو زنجیر ٹانکے دو آدھے بڑے ٹانکے )اگلے دس ٹانکوں کی

اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ۔

( اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں (اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں تین دو بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔

تین زنجیر ٹانکے بنائیں )چھ بار دہرائیں ۔

اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں تین دو بل ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔

اگلے دس ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک ایک بڑا ٹانکا بنائیں ) پانچ بار دہرائیں *تصویر نمبر چار

اور پانچ دیکھیں ۔

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔آخری دہرائ میں آخری تین اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں
بننے بڑے ٹانکے چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے سے شروع میں بننے تین زنجیر ٹانکوں کے اوپر گم ٹانکے سے جوڑ کہ چکر مکمل کر
لیں ۔ اون کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں

.چھوٹی طرف ۔ چار آدھے بڑے ٹانکے ۔ تریسٹھ اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے بڑے ٹانکے ۔چار سورج ۔سات ۔
اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے تین دو بل ٹانکوں کے جھنڈ کے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ

لمبی طرف ۔ چار آدھے بڑے ٹانکے ۔ساٹھ اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے بڑے ٹانکے ۔پانچ سورج ۔سات ۔اوپری
زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے تین دو بل ٹانکوں کا جھنڈ ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ ۔

ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ تمام جملہ حقوق محفوظ




اشارہ ۔خیال رہے کہ تمام تین بل ٹانکے چکر نمبر باسٹھ کےاگلی  طرف بننے گے ۔

**تریسٹھواں چکر۔**

کسی بھی لمبی طرف کے آخری ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک کھڑا  سادہ ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔

چھوٹی طرف ۔

*دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (ایک سادہ ٹانکا دو زنجیر ٹانکے ایک سادہ ٹانکا )اگلے تیرہ ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر دو دیکھیں ۔

(اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔چکر نمبر اکسٹھ کی دو بل ٹانکے اور بڑے ٹانکے کے درمیان تین بل ٹانکا بنائیں ۔

(اگلے آنے والے  اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے تین دو بل ٹانکوں کے جھنڈ کے گرد پچھلی طرف سے ایک سادہ

ٹانکا بنائیں ۔ چکر نمبر اکسٹھ کے دو بل ٹانکوں کے گروپ کے درمیان تین بل ٹانکا بنائیں ۔اگلے تین زنجیر جگہ میں تین

سادہ ٹانکے بنائیں ۔ چکر نمبر اکسٹھ کے دو بل کے گروپ کے درمیان تین بل ٹانکے بنائیں )تصویر نمبر تین اور چار دیکھیں ۔

چھ بار دہرائیں ۔ اگلے آنے والے اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے تین دو بل ٹانکوں کے جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے
ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔چکر نمبر اکسٹھ کے دو بل کے گروپ کے درمیان تین بل ٹانکے بنائیں ۔اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔

اگلے گیارہ ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں )چار بار دہرائیں ۔اگلے دو ٹانکوں کی

اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

لمبی طرف ۔

دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں(سادہ ٹانکا دو زنجیر ٹانکے سادہ ٹانکا )اگلے گیارہ ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے

کے پچھلے حصہ میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔(اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔چکر نمبر اکسٹھ کے دو بل ٹانکے اور

بڑے ٹانکے کے درمیان میں تین بل ٹانکا بنائیں ۔

(اگلے آنے والے اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے تین دو بل ٹانکوں کے جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے ایک سادہ

ٹانکا بنائیں ۔چکر نمبر اکسٹھ کے دو بل کے گروپ کے درمیان تین بل ٹانکے بنائیں ۔دو زنجیر جگہ میں تین سادہ ٹانکے

بنائیں ۔چکر نمبر اکسٹھ کے دو بل ٹانکوں کے گروپ کے درمیان تین بل ٹانکے بنائیں )چھ بار دہرائیں ۔اگلے آنے والے

اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے تین دو بل ٹانکوں کے جھنڈ کے گرد اگلی طرف سے ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

چکر نمبر اکسٹھ کے دو بل کے گروپ کے درمیان تین بل ٹانکے بنائیں ۔اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔اگلے آٹھ ٹانکوں

کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں )پانچ بار دہرائیں ۔اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر

کے پچھلے حصہ میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں *تصویر نمبر پانچ دیکھیں ۔

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔آخری دہرائ میں آخری زنجیر کی اوپری حصہ کی پچھلی طرف
بنا سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے سے کھڑے اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے سادہ ٹانکے میں جوڑ کہ چکر
مکمل کر لیں ۔اون کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔اگر اگلے چکر کو اس ہی رنگ سے بنا نا چاہتے ہیں تو گم ٹانکا بنا کر

اگلا چکر شروع کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں

۔چھوٹی طرف ۔دو سادہ ٹانکے ۔انسٹھ اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے سادہ ٹانکے ۔چار سورج  میں بنے ہیں ۔اٹھارہ
سادہ ٹانکے ۔سات ٹانکے کے گرد اگلی طرف سے بنے سادہ ٹانکے ۔چودہ تین بل ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے

والا ایک کونہ ۔

لمبی طرف ۔دو سادہ ٹانکے ۔چون اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے سادہ ٹانکے ۔پانچ سورج میں بنے ہیں ۔اٹھارہ

سادہ ٹانکے ۔سات اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے سادہ ٹانکے ۔چودہ تین بل ٹانکے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ




ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن     کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ     تمام جملہ حقوق محفوظ

**چونسٹھواں چکر۔**

کسی بھی لمبی طرف کے آخری ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔یا اگر آپ اس ہی رنگ سے کام کرنا چاہتے ہیں تو ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اور اس ہی ٹانکے میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

چھوٹی طرف

* دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (سادہ ٹانکا  دو زنجیر ٹانکے  سادہ ٹانکا )اگلے چودہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ

ٹانکا بنائیں ۔

اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں تین سادہ ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔ جھنڈ کے ٹانکے کچھ یوں ہوں گے ۔((

( تین بل ٹانکا  اوپری زنجیر کے اگلے حصے میں سادہ ٹانکا  تین بل ٹانکا )اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں )

چھ بار دہرائیں ۔اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں تین سادہ ٹانکوں کا جھنڈ بنائی اگلےگیارہ ٹانکوں

ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں )چار بار دہرائیں ۔اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

لمبی طرف ۔

دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (سادہ ٹانکا  دو زنجیر ٹانکے  سادہ ٹانکا )اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ

ٹانکا بنائیں ۔

((اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں سادہ ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔جھنڈ کے ٹانکے کچھ یوں ہوں گے ۔

(تین بل ٹانکا  اوپری زنجیر کے اگلے حصے میں سادہ ٹانکا  تین بل ٹانکا  )اگلے تین ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں )

چھ بار دہرائیں ۔اگلے تین ٹانکوں کی اوپری زنجیر کے اگلے حصہ میں سادہ ٹانکوں کا جھنڈ بنائیں ۔اگلے آٹھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں )پانچ بار دہرائیں ۔اگلے چار ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں *

تصویر نمبر دو اور تین دیکھیں ۔

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔آخری دہرائ میں آخری دو سادہ ٹانکوں کو چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے سے پہلے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں اور اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں ۔

چھوٹی طرف ۔تریسٹھ سادہ ٹانکے  ۔چار سورج اٹھارہ سادہ ٹانکوں اور سات جھنڈ اوپری زنجیر کے اگلے حصے میں تین سادہ ٹانکوں کے جھنڈ کے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ

لمبی طرف ۔پچاس سادہ ٹانکے ۔پانچ سورج اٹھارہ سادہ ٹانکوں اور سات جھنڈ اوپری زنجیر کے اگلے حصے میں تین سادہ ٹانکوں کے جھنڈ کے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ ۔

ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن     کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ     تمام جملہ حقوق محفوظ




اشارہ ۔پہلا تیسرا اور پانچواں دو بل ٹانکوں کا گروپ پہلے چوتھے اور آخری اوپری زنجیر کے اگلے حصے میں بنا تین سادہ ٹانکوں کے جھنڈ میں بنے گا ۔

**پینسٹھواں چکر ۔**

کسی بھی لمبی طرف کے آخری ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔

* دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (سادہ ٹانکا دو زنجیر ٹانکے سادہ ٹانکا )اگلے بارہ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

(اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ( اگلے ٹانکے میں بنائیں (تین دو بل ٹانکے ۔دانہ دو بل ٹانکا تین دو بل ٹانکے ) تصویر نمبر دو دیکھیں ۔اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں )تصویر نمبر تین دیکھیں ۔چار بار دہرائیں ۔

( اگلے ٹانکے میں بنائیں (تین دو بل ٹانکے دانہ دو بل ٹانکا تین دو بل ٹانکے )اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔

اگلے پانچ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ))چار بار دہرائیں ۔اگلے سات ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔

لمبی طرف ۔

دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (سادہ ٹانکا دو زنجیر ٹانکے سادہ ٹانکا )اگلے دس ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا

( اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں (تین دو بل ٹانکے دانہ دو بل ٹانکا تین دو بل ٹانکے )اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں بنائیں

اگلے ٹانکے میں سادہ ٹانکا بنائیں۔ اگلے دو ٹانکے خالی چھوڑ دیں )چار بار دہرائیں ۔

( اگلے ٹانکے میں بنائیں (تین دو بل ٹانکے دانہ دو بل ٹانکا تین دو بل ٹانکے )اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے دو ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں )) پانچ بار دہرائیں ۔اگلے آٹھ ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں *

تصویر نمبر چار دیکھیں ۔

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔آخری دہرائ میں آخری سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے سے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں اور اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں

۔چھوٹی طرف ۔اکتالیس سادہ ٹانکے ۔چار سورج چار سادہ ٹانکوں اور پانچ گروپ چھ دو بل ٹانکوں اور دانہ دو بل ٹانکوں کے ۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ ۔

لمبی طرف ۔تیس سادہ ٹانکے ۔پانچ سورج چار سادہ ٹانکوں اور پانچ گروپ چھ دو بل ٹانکوں اور دانہ دو بل ٹانکے کے دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ ۔




ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن     کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ     تمام جملہ حقوق محفوظ

**سڑسٹھواں چکر۔**

کسی بھی لمبی طرف کے آخری ٹانکے میں کھڑا سادہ ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر ایک دیکھیں ۔

چھوٹی طرف ۔

دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (سادہ ٹانکا  دو زنجیر ٹانکے  سادہ ٹانکا )اگلے نو ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا

اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے ٹانکے میں (ایک زنجیر ٹانکا ۔ دانہ دو بل ٹانکا )دو بار دہرائیں ۔ایک زنجیر ٹانکا ) بنائیں

((اگلے دانہ دو بل ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے میں بنائیں ((دانہ دو بل ٹانکا ایک زنجیر ٹانکا )تین بار دہرائیں )چار بار دہرائیں ۔اگلے دانہ دو بل ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ دانہ دو بل ٹانکے کے درمیانی سادہ ٹانکے میں بنائیں ۔

(دانہ دو بل ٹانکا ۔ایک زنجیر ٹانکا )دو بار دہرائیں )تین بار دہرائیں ۔

(اگلے دانہ دو بل ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے میں بنائیں (دانہ دو بل ٹانکا ۔ایک زنجیر ٹانکا )تین بار دہرائیں )چار بار دہرائیں ۔اگلے دانہ دو بل ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے میں (دانہ دو بل ٹانکا ایک زنجیر ٹانکا ) دو بار دہرائیں ۔اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے نو ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔تصویر نمبر دو دیکھیں ۔

لمبی طرف ۔

دو زنجیر ٹانکے والے کونے میں بنائیں (سادہ ٹانکا دو زنجیر ٹانکے سادہ ٹانکا )اگلے سات ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے ٹانکے (ایک زنجیر ٹانکا دانہ دو بل ٹانکا ) دو بار دہرائیں ۔ایک زنجیر ٹانکا میں

بنائیں ((اگلے دانہ دو بل ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔ اگلے ٹانکے میں (دانہ دو بل ٹانکا ۔ایک زنجیر ٹانکا )تین بار دہرائیں )چار بار دہرائیں ۔اگلے دانہ دو بل ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔پہلے سادہ ٹانکے میں دانہ دو بل ٹانکا بنائیں ۔ اگلا ٹانکا خالی چھوڑ دیں ۔ایک زنجیر ٹانکا بنائیں )چار بار دہرائیں ۔

( اگلے دانہ دو بل ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ۔اگلے ٹانکے میں (دانہ دو بل ٹانکا ۔ایک زنجیر ٹانکا ) تین بار دہرائیں )چار بار دہرائیں ۔اگلے دانہ دو بل ٹانکے کی اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں ایک سادہ ٹانکا بنائیں ایک زنجیر ٹانکا بنائیں اگلے ٹانکے میں ( ایک زنجیر ٹانکا ۔دانہ دو بل ٹانکا )دو بار دہرائیں ایک زنجیر ٹانکا بنائیں ۔اگلے تین ٹانکے خالی چھوڑ دیں ۔اگلے سات ٹانکوں میں ایک ایک سادہ ٹانکا بنائیں *

تصویر نمبر تین دیکھیں ۔

دو ستاروں کے درمیان دی گئ ہدایات کو دو بار دہرائیں ۔آخری دہرائ میں آخری سادہ ٹانکا چھوڑتے ہوئے گم ٹانکے سے کھڑے سادہ ٹانکے میں جوڑ کہ چکر مکمل کر لیں اور اون کو کاٹ کر سرے کو محفوظ کر لیں ۔

ٹانکے شمار کریں

۔چھوٹی طرف ۔بیس سادہ ٹانکے ۔بیس زنجیر کی اوپری حصہ کی پچھلی طرف بنے سادہ ٹانکے ۔پانچ گروپ دو دو دانہ دو

بل ٹانکوں اور ایک زنجیرر والی تین جگہ کے ۔سولہ گروپ تین تین دانہ دو بل ٹانکوں اور ایک زنجیر والی چار جگہ کے۔دو زنجیر ٹانکے والا ایک کونہ ۔

لمبی طرف ۔سولہ سادہ ٹانکے ۔پچیس اوپری زنجیر کے پچھلے حصہ میں بننے سادہ ٹانکے ۔چار گروپ ایک ایک دانہ دو بل ٹانکوں اور دو زنجیر ٹانکے والی ایک جگہ ۔دو گروپ دو دو دانہ دو بل ٹانکوں اور ایک زنجیر ٹانکے والی تین جگہ کے ۔بیس گروپ تین تین دانہ دو بل ٹانکوں اور ایک زنجیر ٹانکے والی چار جگہ ۔دو زنجیر ٹانکے والے دو کونے




پیمائش کچھ یوں ہوگی ۔

ڈبل نٹ چار ایم ایم جی ہک ۔

چھوٹی طرف ۔ساڑھے انتالیس انچ یا سو سینٹی میٹر

لمبی طرف ۔سینتالیس انچ یا ایک سو انیس اعشاریہ پانچ سینٹی میٹر

آررن پانچ اعشاریہ پانچ ہک

چھوٹی طرف ۔چالیس انچ یا ایک سو انیس اعشاریہ پانچ سینٹی میٹر

لمبی طرف اڑتالیس انچ یا ایک سو بائیس سینٹی میٹر

ڈیزائنر ہیلن شرمپٹن     کاپی رائٹ دو ہزار اٹھارہ     تمام جملہ حقوق محفوظ

پانچواں حصہ اختتام پذیر ہوا ۔